معیار کا ابتدائی طفلی کا خاکہ (EFQ)

EFQ کیا ہے؟

محکمئہ تعلیم DOE کا شعبہ برائے ابتدائی طفلی تعلیم (DECE) کا نصب العین ہے کہ ملک میں ایک بہترین ابتدائی نگہداشت اور تعلیمی نظام بنایا جا ئے جہاں نیویارک شہر کے ہر بچہ اپنی استعداد کا بھرپور اظہار کر سکے۔ اس مقصد کی معاونت کے لیے، DECE نے معیار کے لیے ابتدائی طفلی کا خاکہ (EFQ) تیار کیا ہے، جو نیویارک شہر میں ہمارے مشترکہ نصب العین کےاعلیٰ معیاری ابتدائی طفلی منصوبوں کی وضاحت کرے گا۔

پروگرام EFQ کو ایسے طریقوں کی رہنمائی استعمال میں کرتے ہیں کہ جس سے تمام بچوں اور اہل خانہ کے نتائج میں مثبت اضافہ ہوتا ہے۔ DECE کا عملہ EFQ کو پروگراموں، بشمول برموقع معاونت اور پیشہ ورانہ تدریس کے معیار کے بنیاد کے طور پر استعمال کرتا ہے۔ اس طرح یہ یقینی ہو جاتا ہے کہ محکمئہ تعلیم کے تمام ابتدائی طفلی پروگرام، بلا تفریق کہ ان کی ترتیب کیا ہے اور محل وقوع کہاں ہے، ان کو ایک جیسا معیار اور معاونت دی جاتی ہے تاکہ وہ ایک جیسےمعیار کی توقعات پر پورا اتر سکیں۔

2019-2020 کے تعلیمی سال کی ابتداء سے، محکمئہ تعلیم DOE کے ابتدائی طفلی نظام میں ایسے پروگرام شامل ہونگے جو 6 مہینے سے لے کر 5 سال کے بچوں کے لیے ہونگے۔ تمام عمروں اور پروگراموں کی اقسام کو ساتھ لے کر چلانے کے لیے، یہ خاکہ خزاں 2019 میں ختم ہونے والے پروگرام کوالٹی معیار (PQS) کی جگہ لے گا۔ EFQ کی ذیل سے اس طرح قریبی ہم آہنگ ہو گا:

- بہترین اسکولوں کے خاکے، جو کہ محکمئہ تعلیم کا پری کے سے لیکر گریڈ 12 کے اسکولوں کی بہتری کا تصور ہے، کا نصاب؛
- محکمئہ تعلیم کا سب کے لیے مساوات اور مسابقت کا عزم؛
- ہیڈ اسٹارٹ کارکردگی معیارات (HSPPS)، جو تمام وفاق فنڈ سے چلنے والے ہیڈ اسٹارٹ معیاری پروگراموں کے لیے لازم ہیں۔
- ابتدائی طفلی معیارات پر ہونے والی بڑی قومی تحقیق؛ اور
- DECE عملہ، پروگرام اور کمیونٹی شراکت داروں کی مہارت اور تجربہ۔

EFQ کا انتظام کس طرح کیا جاتا ہے؟

EFQ چھ عناصر پر مشتمل ہے، جن کی بنیاد اعلیٰ معیار، تحقیق پر مبنی اصولوں جو ابتدائی طفلی معیار کی بہترین اسکولوں (FFGS) کے خاکے کے عناصروں سے ہم آہنگ ہے۔ ہر عنصر کئی مشقوں کی نشاندہی کرتا ہے، یا ایسے عمل جنھیں لیکر پروگرام کی قیادت اور تدریسی ٹیمیں اپنے اصول پیش کرتے ہیں۔ یہ عناصر اور مشقوں کا اطلاق تمام ابتدائی طفلی عمر کے گروہوں اور ترتیبوں پر ہوتا ہے۔

ہر عنصر کے تحت مشقوں کو اہمیت کے حساب سے فہرست نہیں کیا گیا ہے، نہ ہی یہ اسکی نشاندہی کرتا ہے کہ کس مشق کو دوسرے پر فوقیت دی جا ئے۔ اسکے بجا ئے، یہ ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں اور جب مل جا تے ہیں، ہر عنصر میں دیے گئے عمل، کارکردگی اور صلاحیتوں کو بہتر انداز میں سمجھنے میں مدد کرتے ہیں۔ جیسا کہ بصری (visual) میں نشاندہی کی گئی ہے، پروگرام قیادتی ٹیموں کے تحت زیادہ تر مشقوں میں پروگرام تدریسی ٹیمیں کے ماتحت ایک ساتھ شامل کی گئی ہیں۔

شعبہ برائے ابتدائی طفلی تعلیم (DECE) سمجھتا ہے کہ اعلیٰ معیاری 0-5 پروگرام۔۔۔

1. اختلافات کا احترام اور قدر کرتا ہے پروگرام قیادتی اور تدریسی ٹیمیں ایسی کمیونٹی بنا کر جہاں تمام بچوں، اہل خانہ اور عملہ اپنے آپ کو خوش آمدید اور شامل محسوس کریں، اعتماد قائم ہو،جہاں تنوع کے مختلف اشکال کو قبول کیا جاتا ہے بشمول، مگر اسی تک محدود نہیں: نسل، قومیت، سماجی معاشی حیثیت، گھر میں بولی جانے والی زبان، اصل آبائی ملک، نقل وطنی کی صورت حال، قابلیت، جنسی اظہار، جنسی رجحان، گھر کی صورت حال اور ثقافتی پس منظر اور تجربہ۔ {اعتماد}

2. محفوظ اور مثبت ماحول تشکیل دیتا ہے پروگرام قیادتی اور تدریسی ٹیمیں تمام بچوں، اہل خانہ اور عملے کے لیے صحتمندانہ، مشفق اور جانا پہچانا ماحول بناتی ہیں {معاونتی ماحول}

کھیل پر مبنی امسابقتی پروگرامز اور موثر ہدائت۔ پروگرام کی قیادتی اور تدریسی ٹیمیں بچوں کو مختلف کھیل پر مبنی اور نشونما کے مطابق سے مناسب تعلیمی تجربات میں مصروف رکھتے ہیں اور بچوں کی انفرادی صلاحیتوں، دلچسپیوں اور ضروریات کے مطابق تدریس دینے کو یقینی بناتے ہیں۔ {سخت تدریس}

4. اہل خانہ کی بحیثیت ابتدائی نگہداشت فراہم کنندہ، اساتذہ اور وکیل بننے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ پروگرام کی قیادتی اور تدریسی ٹیمیں اہل خانہ اور کمیونٹیوں کے درمیان بامعنی مواقع اور وسائل جس سے بچوں کے فروغ اور پورے خاندان کو فائدہ پہونچتا ہو، کے لیے تعلقات استوار کراتی ہے۔
{اہل خانہ - برادری کے مستحکم تعلقات}

5. مسلسل اعلیٰ معیار میں بہتری کے لیے مل کر کام - پروگرام کی قیادتی اور تدریسی ٹیمیں اعداد و شمار کو اہل خانہ اور کمیونیٹیوں کے ساتھ مل کر پروگرام اور کلاس روم کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے استعمال کرتی ہیں۔ {باہم ملکر کام کرنے والے اساتذہ}

6. حکمت عملیانہ قیادت کا مظاہرہ پروگرام کی قیادتی اور تدریسی ٹیمیں تنظیمی ثقافت، خاکے اور وسائل کو مشترکہ مقصد کے فروغ اورتکمیل کے لیے بناتی اور استعمال کرتی ہیں۔ {اسکول کی موٴثر قیادت}

1۔ اعلیٰ معیار پروگرام اختلافات کا احترام اور قدر کرتے ہیں۔

پروگرام قیادتی اور تدریسی ٹیمیں ایسی کمیونٹی بنا کر جس میں تمام بچوں، اہل خانہ اور عملہ اپنے آپ کو خوش آمدید اور شامل محسوس کریں، اعتماد قائم ہو،جہاں تنوع کے مختلف اشکال کو قبول کیا جاتا ہے بشمول، مگر اسی تک محدود نہیں: نسل، قومیت، سماجی معاشی حیثیت، گھر میں بولی جانے والی زبان، آصل آبائی ملک، نقل وطنی کی صورت حال، قابلیت، جنسی اظہار، جنسی رجحان، گھر کی صورت حال اور ثقافتی پچس منظر اور تجربہ۔ {اعتماد}

اسکول قیادتی ٹیمیں (مثالیں: ڈائریکٹرز، تعلیمی ڈائریکٹرز، پروگرام ڈائریکٹرز، انتظامی ڈائریکٹرز، بورڈ آف ڈائریکٹرز، مالکان، پرنسپل حضرات، نائب پرنسپل حضرات، تدریسی کوچز، ذہنی صحتی پیشوران، والدین رابطہ کاران، رابطہ کاران برائے اہل خانہ خدمت)	
1.1	اعتماد، لگائواور اشتراک کے ماحول کو مستحکم کرنا جس میں تمام بچے، اہل خانہ اور عملہ اس پروگرام میں خود کو خوش آمدید اور شامل محسوس کریں
1.2	ثقافتی اثر پذیر تدریس اور اہل خانہ کی شمولیت کے لیے تربیت اور مدد دینے اور کلاس روموں کو ثقافتی، لسانی اور تدریسی مواد سے لیس کرنا۔
1.3	پروگرام اور کمیونٹی میں تعصب سے بھرپور اور بنائی گئی نسل پرستی کے اثرات سے نپٹنے کے لیے عملے کو مدد اور ماڈل فراہم کرنا۔
1.4	ایسے بچوں، اہل خانہ اور عملےکو بھرتی کرنا جو اپنی کمیونٹی کی شناختوں اور تجربات کی عکاسی کرتے ہیں۔
1.5	تمام بچوں اور اہل خانہ کے لیے مساوات اور شمولیت کے مواقع اور نتائج کی حوصلہ افزائی کے لیے مخصوص پروگرام کے ذرائع فراہم کرنا۔
1.6	نیویارک شہر محکمئہ تعلیم NYCDOE، دیگر اداروں اور کمیونٹی کے شریک افراد کے ساتھ کام کرنا تاکہ بچوں اور اہل خانہ کی خدمات، ذرائع اور انکی کی ضروریات تک رسائی کو یقینی بنایا جا سکے۔

پروگرام سکھانے والی ٹیمیں (مثالیں: رہنما اساتذہ، خاص تدریسی اساتذہ، عارضی (itinerant) اساتذہ، خاندانی کارکنان / اساتذہ / وکلاء، ساتھی اساتذہ، نائب اساتذہ، معاون پیشہ وران)	
1.7	اعتماد، لگائواور اشتراک کے ماحول کو مستحکم کرنا جس میں تمام بچے، اہل خانہ اور عملہ اس پروگرام میں خود کو خوش آمدید اور شامل محسوس کریں۔
1.8	ثقافتی اثر پذیر تدریس اپنانا اور اہل خانہ کو شمولیت کے لیے تربیت اور مدد دینے اور کلاس روموں کو ثقافتی، لسانی اور تدریسی مواد سے لیس کرنا۔
1.9	کلاس روم میں میں تعصب سے بھرپور اور بنائی گئی نسل پرستی کے اثرات سے مسلسل نپٹنا اور فکر رکھنا۔
1.10	حکمت عملیوں اور سرگرمیوں میں فرق کرنا تاکہ کلاس روم میں تمام بچوں کی انفرادی ضروریات پوری کی جا سکیں بچوں کو کئی طریقوں سے اپنی تعلیم کا مظاہرہ کرنے کے مواقع فراہم کیا جا سکے۔
1.11	پروگرام ٹیم کے ساتھ مل کر کام کرکے تمام بچوں اور اہل خانہ کی خدمات، ذرائع اور انکی کی ضروریات کے لیے رابطہ کاری۔

2۔ اعلیٰ معیاری پروگرام سے محفوظ اور مثبت ماحول تخلیق پا تے ہیں۔

پروگرام قیادتی اور تدریسی ٹیمیں تمام بچوں، اہل خانہ اور عملے کے لیے صحتمندانہ، مشفق اور جانا پہچانا ماحول بناتی ہیں
{معاونتی ماحول}

اسکول قیادتی ٹیمیں (مثالیں: ڈائریکٹرز، تعلیمی ڈائریکٹرز، پروگرام ڈائریکٹرز، انتظامی ڈائرکٹرز، بورڈ آف ڈائریکٹرز، مالکان، پرنسپل حضرات، نائب پرنسپل حضرات، تدریسی کوچز، ذہنی صحتی پیشوران، والدین رابطہ کاران، رابطہ کاران برائے اہل خانہ خدمت)
2.1 بچوں، اہل خانہ اور تمام عملے کےایک دوسرے کا احترام کرنا اور اعتماد کی توقعات کو قائم کرنا، نمونہ بنانا اور مستحکم کرنا۔ 2.2 تمام عملے کو مناسب تربیت، وسائل، اور مسلسل مدد کرنا تاکہ بچوں کے سماجی - جذباتی تدریس فراہم کی جا ئے اور مثبت طرز اس عمل کی حوصلہ افزائی کی جا ئے۔ 2.3 شیڈیول کو بچوں، اہل خانہ اور عملے کی ضروریات کے مطابق موثر انداز میں بنا نے کے لیے رابطہ کاری کرنا۔۔ 2.4 تمام پروگراموں کی جگھوں کو محفوظ اور خیر مقدمی بنانا اور بچوں، اہل خانہ اور عملے کی ضروریات کی تکمیل کو یقینی بنانا۔ 2.5 پروگراموں کی جگاہوں کو مناسب معیاری مواد سے لیس کرنا۔ 2.6 اہل خانہ کے ساتھ مل کر بچوں کی صحت، حفاظت، اور خاص تعلیمی ضروریات کی کامیاب نگرانی اور انتظام کو یقینی بنانا۔

پروگرام سکھا نے والی ٹیمیں (مثالیں: رہنما اساتذہ، خاص تدریسی اساتذہ، عارضی (itinerant) اساتذہ، خاندانی کارکنان / اساتذہ / وکلاء، ساتھی اساتذہ، نائب اساتذہ، معاون پیشہ وران)
2.7 بچوں، اہل خانہ اور عملے کے درمیان پراعتماد تعلق پیدا کرنا اور اسکا نمونہ پیش کرنا۔ 2.8 بچوں کی سماجی - جذباتی تدریس کی بنیاد بنانا اور نشونما کے لیے مناسب حکمت عملیاں ااستعمال کرنا تاکہ مثبت طرز عمل کو فروغ حاصل ہو۔ 2.9 ایک مسلسل یکساں مگر لچکدار شیڈیول کا نفاذ جس سے بچوں کی ضروریات پوری ہوتی ہوں۔ 2.10 دن کے ہر حصے میں دانستہ حفاظت اور صحتی عادات میں معاونت فراہم کرنا۔ 2.11 کلاس میں ایسا ماحول فراہم کرنا جس میں بچوں کو ایک دوسرے کے ساتھ اور خود سے کام کرنے کے مواقع مل سکیں۔ 2.12 شراکت دار اور اہل خانہ اور دیگر عملہ بچوں کی صحت، حفاظت اور خاص تعلیمی ضروریات کی نگرانی اور انتظام میں معاونت فراہم کریں۔

3۔ اعلیٰ معیاری پروگرامز کھیل پر مبنی اعلیٰ تعلیمی اور موثر ہدائت۔

پروگرام کی قیادتی اور تدریسی ٹیمیں بچوں کو مختلف کھیل پر مبنی اور نشونما کے مطابق سے مناسب تعلیمی تجربات میں مصروف رکھتے ہیں اور بچوں کی انفرادی صلاحیتوں، دلچسپیوں اور ضروریات کے مطابق تدریس دینے کو یقینی بنا تے ہیں۔
{سخت تدریس}

اسکول قیادتی ٹیمیں (مثالیں: ڈائریکٹرز، تعلیمی ڈائریکٹرز، پروگرام ڈائریکٹرز، انتظامی ڈائرکٹرز، بورڈ آف ڈائریکٹرز، مالکان، پرنسپل حضرات، نائب پرنسپل حضرات، تدریسی کوچز، ذہنی صحت پیشہ وران، والدین رابطہ کاران، رابطہ کاران برائے اہل خانہ خدمت)
3.1 کھیل پر مبنی تدریس کی طرف رجحان بنانا، خاکہ بنانا اور تقویت دینا اور تفتیش کرنا۔ 3.2 تدریسی ٹیموں کو منسب تربیت اور وسائل کے نفاذ کے لیے مسلسل مدد فراہم کرنا، عمر کے مطابق تحقیق پر مبنی مناسب نصاب۔ 3.3 اسے یقینی بنانا کہ مستند اور قابل بھروسہ اسکریننگ کے لیے تدریسی ٹیموں کو مناسب تربیت، مواد اور وقت ملے۔ 3.4 تدریسی ٹیموں کا اعداد و شمار کو مسلسل جمع اور تجزیئہ کر کے تدریسی ٹیموں کو مدد کرنا ، بشمول مستند تشخیصی اعداد و شمار کی اطلاع برائے مشق کے۔ 3.5 اسے یقینی بنانا کہ تدریسی ٹیموں کے پاس یکساں اورعمداً مواقع ہوں تاکہ اس کا اثر مشترکہ طور پر منصوبہ بندی پر پڑ سکے۔

پروگرام سکھا نے والی ٹیمیں (مثالیں: رہنما اساتذہ، خاص تدریسی اساتذہ، عارضی (itinerant) اساتذہ، خاندانی کارکنان / اساتذہ / وکلاء، ساتھی اساتذہ، نائب اساتذہ، معاون پیشہ وران)
3.6 کھیل پر مبنی تدریس اور تفتیش میں سہولت۔ 3.7 بچوں کی تدریس کے تمام شعبوں میں فروغ میں مدد کے لیے عمر کے مناسبت سے تحقیق پر مبنی مناسب نصاب۔ 3.8 عمداً باعمل ہو کر بچوں کی ذہنی سوچ اور ابلاغ کی صلاحیتوں کو بڑھانا۔ 3.9 اعداد و شمار کو مسلسل جمع کرتے رہنا اور تجزیئہ کرنا اور اسکے استعمال کا نفاذ۔ • بچوں کے علم، صلاحیتیں اور دلچسپیوں کو بچوں اور انکے اہل خانہ کے درمیان روابط کے مشاہدات کے ذریعے اعداد و شمار جمع کرنا۔ • ایک تحقیق پر مبنی مستند تشخیصی نظام کے استعمال کے ذریعے یہ سمجھنا کہ بچے کس طرح نشونما پا رہے ہیں اور تسلسل سے سیکھ رہے ہیں • تسلسل کی بنیاد پر تمام بچوں کی نشونما میں مدد کے لیے مشق کی معلومات کے لیے اعداد شمار کا استعمال۔ کلاس کے اندر اور باہر عکاسی اور ہدائت کے منصوبے کے لیے مسلسل عملے اور دیگر کے ساتھ باعمل رہنا۔

4۔ اعلیٰ معیاری پروگرام

پروگرام کی قیادتی اور تدریسی ٹیمیں اہل خانہ اور کمیونٹیوں کے درمیان بامعنی مواقع اور وسائل جس سے بچوں کے فروغ اور پورے خاندان کو فائدہ پھونچتا ہو، کے لیے تعلقات استوار کراتی ہے۔ {اہل خانہ - برادری کے مضبوط تعلقات}

اسکول قیادتی ٹیمیں (مثالیں: ڈائریکٹرز، تعلیمی ڈائریکٹرز، پروگرام ڈائریکٹرز، انتظامی ڈائرکٹرز، بورڈ آف ڈائریکٹرز، مالکان، پرنسپل حضرات، نائب پرنسپل حضرات، تدریسی کوچز، ذہنی صحتی پیشوران، والدین رابطہ کاران، رابطہ کاران برائے اہل خانہ خدمت)	
4.1	تمام عملے کو متعلقہ اور ثقافتی باعمل تربیت، وسائل اور اہل خانہ کی شمولیت سے متعلق مسلسل مدد فراہم کرنا۔
4.2	اہل خانہ اور ان کے بچوں کی خوبیاں، ضروریات، دلچسپیاں اور ساتھ میں اہل خانہ اور ان کے بچوں کے درمیان جاری ترقی کے اہداف کے بارے میں دو طرفہ رابطے کرنا اور مدد فراہم کرنا
4.3	کمیونٹی کے ان ارکان اور تنظیموں سے تعلقات بنانا جو اہل خانہ کی دلچسپیاں، ضروریات اور اہداف میں مدد فراہم کرتی ہیں۔
4.4	اہل خانہ کو مواقع فراہم کرنا تاکہ وہ دوسرے خاندانوں کے ساتھ رابطہ کریں اور ایک دوسرے سے سیکھ سکیں اور مدد کر سکیں۔
4.5	ایک ایسا ماحول تشکیل دینا جس میں اہل خانہ کو بحیثیت شراکت دار، قائدین اور وکلاء کے کلاس روم، پروگرام اور کمیونٹی میں تائید اور خود مختاری حاصل ہو۔
4.6	مختلف ابتدائی نگہداشت اور تعلیمی ترتیب سے منتقل ہوئے بچے اور والدین کے لیے خدمات میں مدد اور رابطے کرانا۔

پروگرام تدریسی ٹیمیں (مثالیں: رہنما اساتذہ، خاص تدریسی اساتذہ، عارضی (itinerant) اساتذہ، خاندانی کارکنان / اساتذہ / وکلاء، ساتھی اساتذہ، نائب اساتذہ، معاون پیشہ وران)	
4.7	اہل خانہ اور ان کے بچوں کی خوبیاں، ضروریات، دلچسپیاں اور ساتھ میں اہل خانہ اور ان کے بچوں کی جاری ترقی کے اہداف میں شامل رکھنا۔
4.8	اہل خانہ کو مدعو کرنا تاکہ وہ بچوں کے کلاس روم میں بچوں کے روزمرہ کے سیکھنے کا مشاہدہ کر سکیں اور حصہ لے سکیں۔
4.9	اہل خانہ کو ایسی صلاحیتیں پیدا کرنے کے مواقع فراہم کرنا جو انکے بچوں کے سیکھنے اور ترقی میں مدد دے سکیں۔
4.10	اہل خانہ کا ایسے مناسب ذرائع سے رابطہ کرانا جو انکو اور انکے بچوں کی ضروریات اور اہداف میں مدد کر سکتے ہیں۔
4.11	اہل خانہ کو بحیثیت شراکت دار، قائدین اور وکلاء کے کلاس روم اور پروگرام میں خود مختاری کے مواقع فراہم کرنا۔
4.12	مختلف ابتدائی نگہداشت اور تعلیمی ترتیب سے منتقل ہوئے بچے اور والدین کو خدمات میں مدد فراہم کرانا۔

5۔ ساتھ مل کر مسلسل اعلیٰ معیاری پروگرام میں بہتری کے لیے کام کرنا

پروگرام قیادتی ٹیمیں اور تدریسی ٹیمیں اعداد و شمار کو اہل خانہ اور کمیونٹی کی شراکت میں پروگرام اور کلاس روم کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے استعمال کرتی ہیں۔ {باہم ملکر کام کرنے والے اساتذہ}

پروگرام قیادتی ٹیمیں
(مثالیں: ڈائریکٹرز، تعلیمی ڈائریکٹرز، پروگرام ڈائریکٹرز، انتظامی ڈائریکٹرز، بورڈ آف ڈائریکٹرز، مالکان، پرنسپل حضرات، نائب پرنسپل حضرات، تدریسی کوچز، ذہنی صحتی پیشہ وران، والدین رابطہ کاران، رابطہ کاران برائے اہل خانہ خدمت)

5.1 مسلسل عملے اور اہل خانہ سے پروگرام کی خوبیوں اور ترقی کے شعبوں کے بارے میں تبصرے حاصل کرنا۔
5.2 ایسی مشقیں کر کے دکھانا جن کا اثر ہو، پیشہ وارانہ اہدف ترتیب دینا، دوسرے قائدین کو تعلیمی تجربوں میں شامل کرنا۔
5.3 انفرادی طور پر ترقی کے شعبوں میں، باقائدگی سے عملے کو ثبوت پر مبنی تشکیل کردہ تبصرے، باعمل اگلے اقدامات کے ساتھ، فراہم کرنا۔
5.4 انفرادی عملے کے اہداف اور پروگرام کے اہداف کے لیے عملے کی پیشہ ورانہ تعلیم کے مختلف مواقعوں کی نشاندہی یا فراہم کرنا۔
5.5 نیویارک محکمئہ تعلیم ((NYCDOE، دیگر ادارے اور کمیونٹی شراکت کے ساتھ مل کر پروگرام کے معیار میں بہتری کے لیے کام کرنا۔
5.6 عملہ، اہل خانہ اور کمیونٹیوں کے ساتھ مل کرمسلسل اعداد شمار جمع کرنا اوراس کے استعمال سے پروگرام کے معیار سے کا تجزیہ کرنا۔

- مختلف ذرائع اورمختلف سطحوں (بچہ، استاد، کلاس روم، اہل خانہ، کمیونٹی، پروگرام) سے اعداد شمار حاصل کرنا۔
- پروگرام کی خوبیوں اور فروغ کے شعبوں کی نشاندہی کے لیے اعداد شمار کا تجزیہ کرنا۔
- اعداد شمار کو استعمال کرکے پروگرام کے اہداف اور مسلسل معیار میں بہتری کی اطلاع کا منصوبہ بنانا۔

پروگرام سکھانے والی ٹیمیں
(مثالیں: رہنما اساتذہ، خاص تدریسی اساتذہ، عارضی (itinerant) اساتذہ، خاندانی کارکنان / اساتذہ / وکلاء، ساتھی اساتذہ، نائب اساتذہ، معاون پیشہ وران)

5.7 مسلسل عملے اور اہل خانہ سے پروگرام کی خوبیوں اور ترقی کے شعبوں کے بارے میں تبصرے حاصل کرتے رہنا۔
5.8 باقائدگی سے اپنی خوبیاں اور ترقی کے شعبوں کو استعمال کر کے پیشہ ورانہ اہداف ترتیب دینا اور کلاس روم کے انداز کو بہتر بنانا۔

5.9 اپنے اہداف اور پروگرام کے اہداف سے ہم آہنگ کرنا اور پیشہ ورانہ تجربات کی نشاندہی اور شمولیت اوردیگر ابتدائی طفلی پیشہ وروں سے سیکھنے کے مواقعوں کو تلاش کرنا۔

5.10 پروگرام قیادتی ٹیم کو خوبیوں، مشکلات اور معیار کو بہتر بنانے کے مواقع کے بارے میں تبصرے فراہم کرتے رہنا۔

5.11 نیویارک محکمئہ تعلیم (NYCDOE) کے معاون عملے۔ دیگر اداروں اور کمیونٹی کے ساتھ مل کر کلاس روم کے معیار کو بہتر بنانے میں مسلسل مصروف رہنا۔

5.12 پروگرام قیادتی ٹیم، دیگر عملہ اور کمیونٹیوں کے ساتھ مل کر اہداف کا تعین کرنا اور معیار میں مسلسل بہتری سے مطلع کرتے رہنا۔

6۔ اعلیٰ معیاری پروگرام حکمت عملیانہ قیادت کا اظہار ہیں۔

پروگرام کی قیادتی اور تدریسی ٹیمیں تنظیمی ثقافت، خاکے اور وسائل کو مشترکہ مقصد کے فروغ اورتکمیل کے لیے بناتی اور استعمال کرتی ہیں۔ {موٴثر اسکولی قیادت}

اسکول قیادتی ٹیمیں (مثالیں: ڈائریکٹرز، تعلیمی ڈائریکٹرز، پروگرام ڈائریکٹرز، انتظامی ڈائرکٹرز، بورڈ آف ڈائریکٹرز، مالکان، پرنسپل حضرات، نائب پرنسپل حضرات، تدریسی کوچز، ذہنی صحتی پیشوران، والدین رابطہ کاران، رابطہ کاران برائے اہل خانہ خدمت)
6.1 لمبی مدت کے پروگرام کے معیار کے دلچسپ تصورکو تخلیق کرنا اور اسے عملہ، اہل خانہ اور کمیونٹیوں تک پھونچانا۔ 6.2 بھرتی کرنا، اجرت پر اور عملہ کو مستقلاً ملازم رکھنا، عملے کو بامعنی قیادتی مواقع کی فراہمی۔ 6.3 ایک ایسے انتظامی ثقافت کو تشکیل دینا اور اسے برقرار رکھنا جس سے عملے، اہل خانہ اور کمیونٹیوں میں پروگرام کے تصور کے بارے میں ایک مشترکہ تصور کی تحریک پیدا ہو۔ 6.4 پروگرام میں رہتے ہوئے تفصیل سے کردار اور ذمہ داریوں کا تعین اور مطلع کر نا اور احتساب کی کاروائی میں انصاف اور تواتر اپنانا۔ 6.5 ایسے طریقے تشکیل دینا اورانکو نافذ کرنا جن سے پروگرام موثر انداز میں آسانی سے چلتا رہے۔ 6.6 ذمہ دارانہ بجٹ اور مالی انتظامی طریقوں کو استعمال کرنا جس سے پروگرام کے تصور کو وسائل سے بہترین انداز میں ہم آہنگ کیا جا سکے۔

پروگرام سکھانے والی ٹیمیں (مثالیں: رہنما اساتذہ، خاص تدریسی اساتذہ، عارضی (itinerant) اساتذہ، خاندانی کارکنان / اساتذہ / وکلاء، ساتھی اساتذہ، نائب اساتذہ، معاون پیشہ وران)
6.7 پروگرام قیادتی ٹیم، اہل خانہ اور کمیونٹیوں کے ساتھ مل کر پروگرام کے تصور کو تشکیل دینا اور دوسروں تک پھونچانا۔ 6.8 ایک ایسے تنظیمی ثقافت میں جس میں پروگرام کا مشترکہ کا تصور ہو، میں حصہ لینا۔ 6.9 ایک ایسی کلاس روم کمیونٹی بنانا جو پروگرام کے مشترکہ تصور کی طرف لے جاتی ہو اورعکاسی کرتی ہو۔ 6.10 ایسے نظاموں کو اپنانا، ان میں ترمیم کرنا اور نافذ کرنا جن سے کلاس روم کے معیارات کے سارے زاویوں میں مدد ملے۔ 6.11 عملے اور اشیاء کی ضروریات کی عملی انداز میں نشاندہی کرنا اور وسائل کو موثر انداز میں استعمال کر کے اپنی کلاس کمیونٹی کو فروغ دینا۔